RAMPUR GAZETTE

رامپور گزٹ

بحکم کونسل آف ریجنسی ریاست رامپور

جلد ۲	روز دوشنبہ تاریخ ۳ فروری سنہ ۱۸۹۰ء مطابق ۱۱ رجب المرجب سنہ ۱۳۰۷ھ	نمبر ۹

فہرست مضامین

نمبر	نام مضمون	نمبر صفحہ
۱	احکام جوڈیشل ممبر کونسل۔	۱
۲	احکام ریونیو ممبر کونسل۔	۲
۳	روبکار اجلاس صاحب وائس پریذیڈنٹ بہادر واقع ۲۳ فروری سنہ ۱۸۹۰ء	۲
۴	روبکار اجلاس جوڈیشل ممبر بہادر واقع ۲۴ فروری سنہ ۱۸۹۰ء	۲
۵	روبکار اجلاس ایضاً واقع ۲۵ فروری سنہ ۱۸۹۰ء	۳
۶	روبکار اجلاس ایضاً واقع ۲۵ فروری سنہ ۱۸۹۰ء	۳
۷	روبکار اجلاس ایضاً واقع ۲۵ فروری سنہ ۱۸۹۰ء	۳
۸	روبکار اجلاس ایضاً واقع ۲۵ فروری سنہ ۱۸۹۰ء	۴
۹	روبکار اجلاس ایضاً واقع ۲۵ فروری سنہ ۱۸۹۰ء	۴
۱۰	روبکار اجلاس ایضاً واقع ۲۵ فروری سنہ ۱۸۹۰ء	۴
۱۱	روبکار اجلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر واقع ۲۶ فروری سنہ ۱۸۹۰ء	۴
۱۲	روئداد کمیٹی میونسپل بورڈ منعقدہ ۵ فروری سنہ ۱۸۹۰ء	۵و۶
۱۳	نقشہ حیات و ممات۔	۷
۱۴	نرخنامہ اجناس۔	۸
۱۵	اشتہار فروخت کتبہائے سادہ موجودہ مطبع سرکاری	۸

احکام جوڈیشل ممبر کونسل

اضافہ

۲۳ فروری سنہ ۱۸۹۰ء۔ حسب درخواست صاحب ڈائرکٹر بہادر تقرر مسمے وحید اللہ طالب العلم مشاہرہ دار تین روپیہ بجائے دو روپیہ ماہوار مددگاری مدرسہ ریاضی پر عمل میں آیا۔

۲۳ فروری سنہ ۱۸۹۰ء۔ سید عبداللہ ڈاکٹر برنج ڈسپنسری انگریزی کا بابت پرسنل الاونس تاریخ تقرر کرکے واقع مادہ گاوان حسب تجویز کمیٹی میونسپل بورڈ منعقدہ ۱۰ دسمبر سنہ ۱۸۸۹ء مقرر ہوئے۔

احکام ریونیو ممبر کونسل

اضافہ

بنظر مناسب یکم مارچ سنہ ۱۸۹۰ء سے رامپور اسس اہلہ
اس اجلاس کا دورہ بیہ اضافہ ہوے —

دیہاتی محرر سررشتہ آوٹ کا حسب سفارش صاحب جب دفتر آوٹ یکم مارچ سنہ ۱۸۹۰ء سے ایک روپیہ ماہوار کا عمل مین آیا —

روبکار اجلاس جنرل محمد اعظم الدین خانصاحب بہادر
وائس پریزیڈنٹ ریاست رامپور
واقع ۲۳ فروری سنہ ۱۸۹۰ء

ایک عرصہ سے کوشش کیجاتی ہے کہ نسل اسپان وغیرہ مین ترقی ہو۔ گدھے خرید کر کے اصطبل مین بالخصوص اسی غرض سے منگائے گئے گھیشیان کی گئین لیکن تحصیلداران محال کی عدم توجہی کے باعث اسیتک رعایا و پدہان ستاجران کو اسطرف توجہ نہین ہوئی نہ اونکی گھوڑیان ذہون نہ ہوئین

حکم ہوا کہ

تحصیلداران محال و ڈپٹی کلکٹر بلاسپور کو توجہ دلائی جاے کہ وہ رعایا کو رغبت دلا کر اونکی گھوڑیان واسطے ترقی نسل کے بہبان بہجوادین اور واضح ہے کہ کم سے کم یہہ گھوڑیان ناپ مین ۱۳ ہون — روبکار ہذا گزٹ مین مشتہر کیا جاے

دستخط صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر

روبکار اجلاس نواب نوابیار جنگ بہادر
ممبر صیغہ جوڈیشل کونسل ریاست رامپور
واقع ۲۴ فروری سنہ ۱۸۹۰ء

مقدمہ

واپسی بحیت نیلام اراضی

صاحب اسسٹنٹ ممبر جوڈیشل سے معلوم ہوا کہ مویشیان جب کوئی راس بعدلاوارثی نیلام ہوجاتی ہے اور حسب قاعدہ تین مہینہ کے اندر اوسکا اس نیلام مین جب کوئی وارث پیدا ہوتا ہے اوسکی تحقیقات احتیاط سے تحصیلات مین نہین کیجاتی ہے اکثر پیشکار تحصیل رپورٹ تحقیقاتی بلا معائنہ و دستخط تحصیلدار روانہ کر دیا کرتے ہین رقم بحیت بہیجدیا کرتے ہین چونکہ یہہ معاملہ متعلق واپسی رقم جمعہ خزانہ اسلئے مناسب ہے کہ آئندہ تحصیلداران محال اسکی تحقیقات باحتیاط کیا کرین اور کوئی مقدمہ واپسی رقم بحیت کا بغیر معائنہ و دستخط تحصیلدار محال کے نہ آیا کرے اسلئے کہ بعد مین طوالت ہوتی ہے۔ تقریران —

حکم ہوا کہ

اصل شریک فائل کی اور نقل مطبع سرکاری کو بغرض اندراج گزٹ بنا بر اطلاع و تعمیل تحصیلداران محال مرسل ہو۔ فقط

روبکار اجلاس نواب نواب یار جنگ بہادر ممبر جوڈیشل کونسل ریاست رامپور
واقع ۲۵ فروری سنہ ۱۸۹۰ع

صاحب انسپکٹر بہادر سررشتہ تعلیم صغر علیخان موجود اہلمد سررشتہ تعلیم کی خوشنویسی سے خوش نہیں ہیں۔ اسلئے صغر علیخانکا تبادلہ دیوانی میں کیا گیا نسبت تقرر اہلمد سررشتہ تعلیم کے سررشتہ دار صدر کو لکہا گیا تہا آج سررشتہ دار صدر نے سید احمد حسین امیدوار کو پیش کیا۔ جو مدرس اور سررشتہ دار صدر معرفت اونکی لیاقت کرتے ہیں۔

حکم ہوا کہ

تقرر سید احمد حسین امیدوار کا بمشاہرہ عہ ۹ روپیہ ماہوار کے بالفعل واسطے تین ماہ کے امتحاناً اہلمدی سررشتہ تعلیم پر کیا جاوے کام خوشنویسی کا بہی حسب معمول کرنا ہوگا۔ بعد تین ماہ کے حسب صاحب انسپکٹر بہادر اظہار خوشنودی اسکی اور سررشتہ دار صدر بہی تصدیق لیاقت وکاردانی سید احمد حسین کی کرینگے اوسوقت حکم مناسب نسبت استقلال کے صادر ہوگا۔ صاحب انسپکٹر بہادر کو تبرعی روبکار لکہا جاوے کہ سید احمد حسین آدمی شریف و خوشنویس ہیں آپ انسے کام لیں اور بعد تین ماہ کے مطلع فرماویں کہ سید احمد حسین نے کیسا کام کیا۔ روبکار درج گزٹ ہو۔ شرح دستخط نواب یار جنگ

روبکار اجلاس نواب نواب یار جنگ بہادر ممبر جوڈیشل کونسل ریاست رامپور
واقع ۲۵ فروری سنہ ۱۸۹۰ع

یادداشت مفتی صاحب مرافعہ بابت اہلمد فوجداری و نقل نویس محکمہ مرافعہ گزارش ہوئی کہ مسلک سررشتہ دار صدر سے معلوم ہوا کہ کوئی نمبر تجویز بمثل سابق کہ اسکے مخالف نہیں ہے۔

لہذا حکم ہوا کہ

حسب الرائے مفتی صاحب مرافعہ سید احمد خان اہلمد فوجداری و بانکی بعمل نقشہ نویس کے تین روپیہ ماہوار کیلئے تاریخ منظور شدہ سے کیجاوے۔ روبکار درج گزٹ ہو احکام جاری ہوں۔ شرح دستخط نواب یار جنگ

روبکار اجلاس نواب نواب یار جنگ بہادر ممبر جوڈیشل کونسل ریاست رامپور
واقع ۲۵ فروری سنہ ۱۸۹۰ع

آج کاغذات درخواست محمد فدا علیخان مختار اجرائی ڈگری عدالت دیوانی بابت اجازت وکالت عدالت دیوانی و عدالت فوجداری و عدالت مرافعہ اور نیز یادداشت مفتی صاحب عدالت دیوانی پیش ہوئی۔ مفتی صاحب دیوانی نے اپنی یادداشت میں فدا علیخان کو لایق لکہتے ہیں۔ اور فوجداری ... فدا علیخان مدت تک وکالت کرچکے ہیں فدا علیخان کی خواہش ... بعد التماس سے معرضہ بالا میں بالفعل اجازت وکالت باخذ فیس ... مبلغ عہ روپیہ دیجاوے اجازت وکالت ملنے ... فدا علیخان اہلمدی اجرائی ڈگری دیوانی سے مستعفی ہونیکا ارادہ کرتا ہے۔

حکم ہوا کہ

مبلغ سو روپیہ فیس لیکر سند وکالت عدالت دیوانی و عدالت فوجداری و عدالت مرافعہ اولے کے فدا علیخانکو دیجاوے اور مفتی صاحب دیوانی کو نگارش ہو۔ کہ حسب وعدہ فدا علیخان سے استعفا حاصل کریں۔ روبکار درج گزٹ ہو

[illegible]

روبکار اجلاس نواب نواب یار جنگ بہادر ممبر جوڈیشل کونسل ریجنسی ریاست رامپور

واقع ۲۵ فروری سنہ ۱۸۹۰ء

بنظر مناسب۔ حکم ہوا کہ

گوردیہارے محرر سرسری متعینہ عدالت مرافعہ اوسکے اپنی موجودہ تنخواہ پر محرری ڈیوڑھیخانہ پر تبدیل کیا جاوے اور خدمت میں [illegible] صاحب سپرنٹنڈنٹ صاحب بہادر کے حاضر ہو۔

اور بجائے گوردیہارے کے عدالت مرافعہ اوسکے میں مولوی سراج الدین خان امیدوار تحصیل یافتہ مدرسہ قادریہ عالمگیری جنکی لیاقت کی سررشتہ دار صدر مصدق ہیں بمشاہرہ دس روپیہ ماہوار کے امتحاناً واسطے تین ماہ کے مامور ہوں۔ بعد تین ماہ کے جب مفتی صاحب مرافعہ تصدیق لیاقت مولوی سراج الدین خان کی کرینگے تو نسبت استقلال حکم [illegible] ہوگا۔ روبکار درج گزٹ ہو۔ احکام جاری ہوں۔

روبکار اجلاس نواب نواب یار جنگ بہادر ممبر جوڈیشل کونسل ریجنسی ریاست رامپور

واقع ۲۶ فروری سنہ ۱۸۹۰ء

[illegible] خان محرر اجرائے ڈگری عدالت دیوانی نے اجازت وکالت عدالت فوجداری و دیوانی و مرافعہ اوسکے کی حاصل کی ہے اور اسامی اجرائے ڈگری دیوانی سے استعفا دینے کا وعدہ کیا ہے چونکہ وہ جگہ خالی ہے۔ لہذا حکم ہوا کہ

ہنر علیخان اہلمد سررشتہ تعلیم اپنی موجودہ تنخواہ پر بجائے [illegible] خان محرری اجرائے ڈگری دیوانی پر تبدیل کیا جاوے۔ احکام جاری ہوں روبکار درج گزٹ ہو۔ نسبت اسامی سررشتہ تعلیم کے بذریعہ

روبکار جداگانہ آج ہی کی تاریخ انتظام مناسب کر دیا گیا ہے۔

شرح دستخط
نواب یار جنگ

روبکار اجلاس نواب نواب یار جنگ بہادر ممبر جوڈیشل کونسل ریجنسی ریاست رامپور

واقع ۲۵ فروری سنہ ۱۸۹۰ء

بنظر مناسب۔ حکم ہوا کہ

یکم مارچ سنہ ۱۸۹۰ء سے محمد حسن خان پیشکار اجلاس اور [illegible] نائب پیشکار اجلاس کو پانچ پانچ روپیہ اضافہ تنخواہ بالا موجودہ دیا جاوے۔ احکام جاری ہوں۔ روبکار درج گزٹ ہو۔

شرح دستخط
نواب یار جنگ

روبکار اجلاس صاحب [illegible] ممبر بہادر کونسل ریجنسی ریاست رامپور

واقع ۲۶ فروری سنہ ۱۸۹۰ء

منشی ولی اللہ نقشہ نویس صیغہ عمارات سرکاری کا نقشہ واسطے مسجد کے جو دریائے کوسی کے کنارہ سڑک مرادآباد پر واسطے میلہ بے نظیر کے بنائی جاویگی سب نقشوں میں سے پسند ہوا اور اونکو خلعت انعام دیا گیا یہہ مسجد جس میں روکار کیطرف رامپور کے چینی اور گرد کی پتھر کا کام ہوگا معہ مہمان سرائے وغیرہ عنقریب باہتمام شیخ کلو مستری طیار ہونا شروع ہو گئی۔ صرف مسجد کا تخمینہ چھ ہزار ہے۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا گزٹ میں شائع ہووے۔

شرح دستخط
سید علی حسن

روئداد کمیٹی میونسپل بورڈ منعقدہ ۵ فروری سنہ ۱۸۹۰ع

صاحبزادہ مہربان علیخاں صاحب بہادر صدر نشین جلسہ

و محمد سعادت یار خانصاحب سکرٹری میونسپل بورڈ

شرکاء جلسہ ملازمین	شرکاء جلسہ غیر ملازمین
۱۔ بابو شیام سندر داس صاحب سول سرجن	۱۔ سید اعلیخاں صاحب وکیل
۲۔ حکیم احمد رضا خانصاحب حکیم	۲۔ شیخ عبد الصمد صاحب "
۳۔ گوپال داس صاحب منیب	۳۔ جوالا پرشاد صاحب "
	۴۔ مولوی یعقوب علیخاں صاحب "
	۵۔ مرزا محمد حسن صاحب "

جو فیصلہ امور تصفیہ طلب کا باتفاق رائے ارباب جلسہ کے اس کمیٹی کی اندر صادر ہوا وہ ہر امر کے محاذ میں نمبروار درج کیا جاتا ہے۔

امور تصفیہ طلب	تجویزات کمیٹی
۱۔ یادداشت سپرنٹنڈنٹ صاحب پولیس کی نقل بذریعہ پرچہ مشعر اسکے کہ جو لوگ گلیوں میں پیشاب سر کوچوں پر کرتے ہین اونکو واسطے کیا کیا جاوے۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ اول منادی کرائی جاوے اور اشتہار دیا جاوے کہ کوئی شخص پیشاب و پاخانہ شاہراہ عام پر نکرے اور اجراء اشتہار و منادی کے بعد پیشاب کرنیوالے اور پاخانہ کرنیوالے سے ۱۲ر لئے جاوین بپابندی صفائی اوس شخص کو سررشتہ میونسپل مین لاوین اور سکرٹری بورڈ بعد تحقیقات معمولی زر جرمانہ وصول کرین لیکن جو شخص بحالت بیمار ہو اوس سے جرمانہ نہ لیا جاوے۔

یہ تجویز درست ہے لیکن نفاذ اسکا اوس وقت قرین انصاف ہوگا جبکہ میونسپل کمیٹی کو اطمینان اسبات کا ہوجائے کہ شہر میں پیشاب خانے اور بہم پہنچ بقدر کافی حاجت روائی عامہ خلائق تیار ہوگئے ہیں لہذا میونسپل کمیٹی اسبارہ مین رپورٹ دیکر مرقومہ ۲۱ فروری سنہ ۹۰ع

امور تصفیہ طلب	تجویزات کمیٹی
۲۔ رپورٹ گرداور صفائی دربارہ برآمد چاہ از مکان یوسف علی خیر سوختہ محلہ راجدوارہ حسب گفتنے عرضی علی بہادر خان و فیاض بہادر خاں اہل محلہ کہ جو متصل سڑک نواب دروازہ کے ہے حکمی اجلاس نواب جنرل صاحب بہادر	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ اب درست محلہ راجدوارہ باعث تعمیر نواب دولہ کی شاہراہ عام پر کنوین مطربان کے مکان سے باہر کیا جاوے اور میونسپل فنڈ سے اوسکی درستی کیجاوے لیکن زر خرچ دیوار جسکی ذریعہ سے کنوان اندر مکان کے ہوا ہے میونسپل انجنیر تجویز کرین اور میونسپل بورڈ سے دیا جاوے کیونکہ حسب تجویز سابق مطربان نے دیوار بنائی تھی۔

ملاحظہ شد ۱۲ فروری سنہ ۹۰ع

امور تصفیہ طلب	تجویزات کمیٹی
۳۔ رپورٹ سپرنٹنڈنٹ صاحب پولیس کی عرضی تمر شاہجہان مستدعی اجراء تماشا بہر کی دربارہ عدم اجرا تماشا بباعث نتیجہ از قسم قمار بازی حکمی نواب جج وکیل صاحب بہادر۔	تماشا گر کو اجازت تماشا کرنیکی نہ دیجاوے کیونکہ یہ تماشا قمار سے تعلق رکھتا ہے۔

ملاحظہ شد ۱۲ فروری سنہ ۹۰ع

امور تصفیہ طلب	تجویزات کمیٹی
۴۔ روبکار اجلاس صاحب وائس پرزیڈنٹ بہادر	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ پیشگی

۴

انچارج نواب جیوڈیشل ممبر بہادر حسب ہدایت صاحب گرداور صفائی بدین مضمون کہ اگر میونسپل بورڈ سفارش دربارہ طیاری پیشاب گہر جدید و نیز مرمت پیشاب گہر ہای قدیم کرے تو اس باب مین حکم ہوسکتا ہے۔

موقع مناسب پر طیار کئے جاوین اور درستی پیشاب گہر ای کی بہی ہونا مناسب ہے۔

بیشک اس کام کے اجرا و انجام مین کوشش بلیغ عمل مین آوے

مرقوم ۱۲ فروری سنہ [illegible] [illegible]

۵

یادداشت محکمہ صفائی دربارہ آزادی خاکروبان بغرض صفائی و جاروب کشی محلات شہر بحساب تہانہ چار چار خاکروب۔

تجویز ہوئی کہ پہلے فہرست تعداد خاکروبان موجودہ محکمہ صفائی طلب ہو اور یہہ معاملہ آیندہ کمیٹی مین پیش ہو۔

۶

رپورٹ سپرنٹنڈنٹ پولیس متعلق اسکے کہ اسقاط حمل مین پولیس حسب دفعہ ۳۱۲ تعزیرات ہند مجاز نہین ہے حسب علیہ آمد ریاست کہانتک پولیس دست اندازی کریگا۔

تجویز ہوئی کہ ضرور اس امر کی نگرانی کیجاوے کہ کوئی عورت بچہ کو نہ مارے اور پولیس کو اطلاع حمل حرام کی ہو تو عدالت فوجداری سے قرار نامہ نگرانی حمل حاملہ کا کسی عزیز دیا اور قریب جو اسکے محلہ کے آدمی سے لکہا لیا جاوے۔

۷

رپورٹ گرداور صفائی بکمی نواب جیوڈیشل ممبر بہادر بدین خلاصہ کہ ٹہیکہ دار سابق نے بحساب ۶ بکس تیل غیر نمبر لگے ۲/۸ فی بکس کے اجازت زبانی نواب جوڈیشل ممبر بہادر سے بوساطت گرداور صفائی سابق حاصل کی تہی اوسکا تفاوت بمقابلہ ۱۵۰ نمبر کے تیل کے موجودگی میونسپل انجینیر تہوڑا ٹہیکہ دار لگایا تو بجائی ۶ روپیہ کے ۱۲ امر کمی کے ہوتے چنانچہ اسد اللہ خان ٹہیکہ دار کے ہمہ بعد معاہدہ ٹہر گیا کہ علاوہ ۶ فی بکس داخل شدہ کے ۶ فی بکس اور داخل کرنا چاہیے اور خیر خواہ نے جو لکہا ہے کہ ٹہیکہ دار بجائی تیل ۱۵۰ بکس قیمتی ۹ ہر ایک کے قیمتی ۱۲ روپیہ کا بکس جلاتے ہین اصلیت معروضہ خیر خواہ پائی نہین گئی۔

بالاتفاق تجویز ہوئی کہ اول تیل نمبر ۱۵۰ اور وہ بکس کہ جسمین ۱۲ امر کی کمی قرار پائی ہے سکریٹری بورڈ دیکہین ازان بعد کمیٹی آیندہ مین تجویز کیجاویگی اور سکریٹری بورڈ ہر دو قسم کے بکسون کو دیکہکر قیمت ہر دو کی تحقیق کرین۔

محمد سعادت یار خان سکریٹری بورڈ

یہہ معاملہ ایک جلسہ عدالت فوجداری کا ہے اسکی بابت علحدہ ہدایت جاری ہوگی۔ مرقوم ۱۳ فروری سنہ [illegible] [illegible]

نقشہ حیات وممات متعلقہ ریاست رامپور من ابتدا ۲۴ فروری ۱۹۲۹ء لغایت ۱ مارچ ۱۹۲۹ء

نام مقامات	پیدائش: مرد: ہندو	مرد: مسلمان	عورت: ہندو	عورت: مسلمان	میزان	تفصیل مذہب: ہندو	تفصیل مذہب: مسلمان	تفصیل فوتے: ۱ تا ۵: مرد	۱ تا ۵: عورت	۶ تا ۱۲: مرد	۶ تا ۱۲: عورت	۱۳ و زیادہ: مرد	۱۳ و زیادہ: عورت	میزان دونوں مرد و عورت: مرد	میزان: عورت	تفصیل مذہب: ہندو	تفصیل مذہب: مسلمان
شہر رامپور	۵	۱۴	۵	۱۲	۳۶	۱۰	۲۶	۴	۴	۰	۰	۶	۱۰	۱۰	۱۴	۶	۱۰
شاہ آباد	۹	۴	۶	۳	۲۱	۶	۱۵	۴	۲	۰	ایک	۲	۴	۶	۷	۵	۸
ملک	۲۸	۷	۲۱	۴	۶۰	۴۹	۱۱	۳	ایک	۰	۰	۹	۵	۱۲	۶	۱۴	۳
سوار	۵	۵	۶	۵	۲۱	۱۱	۱۰	۰	۰	ایک	۰	۱	۱	۳	۳	۳	۳
[illegible]	۰	ایک	۰	ایک	۱	۰	۱	۰	۰	۱	۰	۳	۳	۴	۳	۲	۵
ٹانڈہ	۶	۵	۲	۱	۱۴	۸	۶	۲	۳	۲	۰	۰	ایک	۴	۴	۳	۵
.																	
میزان	۵۳	۳۶	۴۰	۲۵	۱۵۳	۸۴	۶۹	۱۳	۱۰	۴	ایک	۲۱	۲۴	۲۹	۳۷	۳۳	۴۲

نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور مبتدی ۲۴ فروری لغایت ۲ مارچ سنہ ۱۸۹۰ع

نام اجناس	شہر رامپور	شاہ آباد	ملک	سوار	بلاسپور	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۰۱۲ ار	۰۱۲ ار	۰	۰۱۲ ار	۰۱۳ ار	۱۲ ار	تحصیل ملک سے نقشہ وقت پر نہیں آیا
نخود چنا الیش	۱۵ ار	۱۸ ار	۰	۱۵ ار	۱۸ ار	۱۸ ار	
نخود آمیز	۰۱۵ ار	۱۹ ار	۰	۱۹ ار	۱۹ ار	۰	
کسیر	۰۱۹ ار	۲۰ ار	۰	۰	۰	۱۹ ار	
ماش	۰۱۵ ار	۰۱۵ ار	۰	۱۵ ار	۱۵ ار	۱۵ ار	
مونگ	۰۱۴ ار	۱۴ ار	۰	۱۳ ار	۱۴ ار	۱۴ ار	
جَے	۰۲۲ ار	۰۲۲ ار	۰	۲۵ ار	۲۷ ار	۲۲ ار	
کوجی	۰۲۰ ار	۱۸ ار	۰	۲۰ ار	۲۱ ار	۱۸ ار	
عدس	۲۰ ار	۲۰ ار	۰	۲۰ ار	۲۴ ار	۱۸ ار	
ارہر	۲۰ ار	۰۲۲ ار	۰	۲۰ ار	۰	۱۸ ار	
روغن زرد	۱/۱۱ ار	۱۱ ار	۰	۱۱ ار	۱۱ ار	۱/۱۱ ار	
روغن سیاہ	۳ ار	۳ ار	۰	۳ ار	۳ ار	۳ ار	
روغن کنجد	۰۲ ار	۰۲ ار	۰	۰	۰	۲ ار	
نمک سہوری	۷ ار	۴ ار	۰	۶ ار	۶ ار	۶ ار	
نمک سانبھر	۸ ار	۸ ار	۰	۸ ار	۸۰ ار	۸ ار	
مکا	۰	۲۰ ار	۰	۰	۲۱ ار	۱۸ ار	
جبرہ	۰	۱۶ ار	۰	۰	۱۷ ار	۱۶ ار	

اشتہار

اس مطبع میں نہایت مضبوط عمدہ فولس کیپ کے سادہ مجلد کتابیں ہر محکمجات کے لائق حسب ذیل موجود ہیں اور قیمتاً بھی بہت ارزان چنانچہ اکثر دفاتر میں خرید ہو گئی ہیں تہوڑی ہی باقی ہیں جن صاحب کو مطلوب ہوں جلد قیمت بہیجکر مطبع سے طلب فرمالیں۔

فی جلد ۲ دستہ ۱۲ | فی جلد ۳ دستہ ۵ | فی جلد ۴ دستہ ۱۲

مطبع سرکاری ریاست رامپور میں چہپکر شائع ہوا۔